قومی انڈر 16کرکٹ ٹیم نے پہلے ایک روزہ میچ میں بنگلہ دیش انڈر 16کرکٹ ٹیم کو 99رنز سے شکست دے دی

- مڈل آرڈر بلے باز ابرار افضل نے نصف سنچری اسکور کی
- منیب واصف نے 4 اور علی اسفند نے 3 وکٹیں حاصل کیں

لاہور،4نومبر 2019ء:

قومی انڈر 16کرکٹ ٹیم نےپہلےایک روزہ میچ میں بنگلہ دیش انڈر 16 کرکٹ ٹیم کو 99رنز سے شکست دےکر 3میچوں پر مشتمل سیریز میں 0-1سے برتری حاصل کرلی۔ کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں پاکستان نے پہلے کھیلتے ہوئے مڈل آرڈر بلے باز ابرار افضل کی نصف سنچری کی بدولت 231رنز بنائے۔ جواب میں بنگلہ دیش کی ٹیم 132 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔میڈیم پیسر منیب واصف نے 4 اور اسپنر علی اسفند نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔

اس سے قبل قومی انڈر 16کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد وقاص نے ٹاس جیت کر پہلےبیٹنگ کا فیصلہ کیاتومحمد شہزاداور علی حسن پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے میزبان ٹیم کو 66 رنز کا آغاز فراہم کیا۔ اسیر مغل اور عباس علی کےجلد آؤٹ ہونے کے بعدابرار افضل نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور 53 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 5 چوکے اور 1 چھکا شامل تھا۔چھٹی وکٹ کے لیے ابرار افضل اور منیب واصف کے درمیان 46رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ منیب واصف 25 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ قومی انڈر 16کرکٹ ٹیم 49.2اوورز میں 231 رنز بنا کرآؤٹ ہوگئی۔مہمان ٹیم کی جانب سے احسن حبیب اورشمس السلام نے 3،3 وکٹیں حاصل کیں۔

232 رنز کے تعاقب میں مہمان ٹیم کا ٹاپ آرڈر مکمل طور پر ناکام ہوگیا اور کوئی بھی کھلاڑی لمبی اننگز نہ کھیل سکا۔ قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم کے میڈیم پیسر منیب واصف اور اسپنر اسفند علی کی شاندار باؤلنگ کے سامنے بنگلہ دیش انڈر 16 کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی بے بس دیکھائی دئیے اور 41ویں اوور میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 132 رنزبنا کر پویلین واپس لوٹ گئے۔ عامر حسین 19 رنز بناکر ریٹائرڈ ہوگئے۔ پاکستان کی جانب

سے منیب واصف نے 44 رنز کے عوض 4 جبکہ علی اسفند نے 15 رنز کے عوض 3 وکٹیں حاصل کیں۔

دونوں ٹیموں کے درمیان دوسرا ایک روزہ میچ 6 نومبر کو کھیلا جائے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk